5500-اگرکافروالدمال کامطالبہ کرے توبیٹاکیاکرے

سوال

(میں کچھ عرصہ قبل مسلمان ہواہوں) بعد میں میں نے اپنے اوروالد کے مابین مالی تعلقات کے بارہ میں سوچ وبچار کرنا شروع کیا ہے توکیاجب میراوالد مجھ سے مال کا مطالبہ کرے تومجھے دینا چاہیے ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے مندرجہ ذیل سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا ؟

میں ایک نیا مسلمان ہوں اپنے اوروالد کے درمیان مالی تعلقات کا سوچتا ہوں کہ کیامجھے اس حدیث (تواورتیرامال تیرے والد کا ہے) کے تحت اپنا مال والد کودینا چاہیئے یا نہیں ؟

توشیخ رحمہ اللہ تعالی کاجواب کچھ اس طرح تھا :

یہ مال خرچہ ہے یا کچھ اور؟

سائل کہتا ہے کہ وہ صرف خرچہ ہی نہیں بلکہ مختلف اشیاء کا مطالبہ کرتا ہے جوخرچہ سے زائد ہے

جواب : جوخرچ سے زائد ہووہ دینالازم نہیں ۔

تواس طرح بیٹے پرخرچہ کے علاوہ کچھ بھی واجب نہیں لیکن اگرصدقہ ہوتواس میں کوئی اشکال والی بات نہیں ۔ واللہ تعالی اعلم ۔ .